## بالاچ مری کی میت فوری طور پر ان کے ورثاء کے حوالے کی جائے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔23،نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صدر جنرل پرویز مشرف اورنگراں وزیراعظم محمدمیاں سومرو سے مطالبہ کیا ہے کہ اسلامی اقدار اور انسانیت کا تقاضہ ہے کہ سردار خیر بخش مری کے صاحبزادے بالاچ مری کی میت فوری طور پر ان کے ورثاء کے حوالے کی جائے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے حکومت سے ایک بار پھر مطالبہ کیا کہ بالاچ مری کے قتل کی تحقیقات کرائی جائے اور حقائق سے عوام کو آگاہ کیا جائے۔

## صدر ٹاؤن کے حق پرست کونسلر بشیر خان کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔23،نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صدر ٹاؤن یوسی 9 کے حق پرست جنرل کونسلر بشیر خان کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## صدر ٹاؤن کے حق پرست کونسلر بشیر خان کو میوہ شاہ کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا،رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔23،نومبر 2007ء

صدر ٹاؤن کے حق پرست جنرل کونسلر بشیر خان کو میوہ شاہ کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ ہارون پارک ہجرت کالونی میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں سابق حق پرست رکن قومی اسمبلی اخلاق عابدی،رکن سندھ اسمبلی اختر بلگرامی،صدر ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم محمد دلاور،حق پرست یوسی ناظمین،کونسلرز،ایم کیوایم ڈیفنس کلفٹن سیکٹر کمیٹی کے اراکین،علاقائی ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے بشیر خان کے انتقال پر رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے سوگوار لواحقین دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین)

## پاکستان اسٹیل میں محنت کشوں کے ساتھ غیر منصفانہ سلوک بند کیا جائے،ایم کیوایم لیبر ڈویژن
## ادارے کی مروجہ پروموشن پالیسی کے تحت ورکرز،جونیئر افسران اوراسسٹنٹ منیجرز کو بلاتفریق اپ گریڈ کیا جائے

کراچی۔۔۔23،نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے انچارج واراکین نے پاکستان اسٹیل میں محنت کشوں کی ترقیوں کے سلسلے میں دوہرا معیار پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ ادارے میں محنت کشوں کے ساتھ غیر منصفانہ سلوک بند کیا جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان اسٹیل میں ایک جانب دوسے تین برسوں میں ہر گریڈ کے انتظامی افسران کو بار بار ترقیاں دی گئیں جبکہ دوسری جانب 19,18 سال گزرنے کے باوجود ادارے کے محنت کشوں،جبری طور پر بنائے گئے جونیئر افسران اوراسسٹنٹ منیجرز کو ترقی کے جائز حق سے محروم رکھا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اسٹیل کے محنت کشوں نے ماضی میں پاکستان اسٹیل کو خسارے سے نکال کر اربوں روپے کا منافع بخش ادارہ بنایا اور اب ان کے ساتھ پروموشن کے معاملہ میں ناانصافی کرنا سراسر ظلم ہے۔لیبر ڈویژن کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی نے مطالبہ کیا کہ حالیہ بجٹ کی اپ گریڈیشن پالیسی اپناتے ہوئے دوسرے اداروں کی طرح ورکرز،جونیئر افسران اوراسسٹنٹ منیجرز کو بلاتفریق اپ گریڈ کیا جائے اور ادارے کے محنت کشوں کو مروجہ پروموشن پالیسی کے تحت عہدے دیئے جائیں۔

## سگنل فری کوریڈور II کے توسیعی منصوبے سے ٹریفک کی روانی میں تیزی آئے گی، سابق ارکان سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔23، نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے سابق حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے کراچی کی شہری حکومت کی جانب سے سگنل فری کوریڈور II کے توسیعی منصوبے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس منصوبے سے ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے میں بڑی مدد ملے گی۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ حق پرست بلدیاتی قیادت شہریوں کی بلا امتیاز وتفریق عملی خدمت کرنے اور شہر کو خوبصورت بنانے کیلئے میگا پروجیکٹ پر تیزی سے کام کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ کراچی کے نو آباد علاقے سرجانی ٹاؤن کے عوام کو ٹریفک جام کے باعث عرصہ دراز سے سفری سہولیات میں شدید دشواریوں کا سامنا تھا اور انہیں منٹوں کا سفر بھی گھنٹوں میں طے کرنا پڑرہا تھا جبکہ سگنل فری کوریڈور II کی سرجانی چورنگی تک توسیعی منصوبے سے سرجانی ٹاؤن کے عوام کی یہ پریشانی بھی ختم ہوجائے گی اور ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے میں بڑی مدد ملے گی۔انہوں نے کہا کہ شہر میں فراہمی ونکاسی آب کی نئی لائنوں، اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب، فلائی اوورز، انڈر بائی پاسز، سڑکوں اہم شاہراہوں کی تعمیر، پارکوں کی تعمیر وتوسیع اور دیگر میگا پروجیکٹس اس بات کا کھلا ثبوت ہے کہ حق پرست بلدیاتی قیادت شہریوں کی عملی خدمت میں مصروف ہے۔سابق حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے سگنل فری کوریڈور II کی سرجانی ٹاؤن چورنگی تک توسیع منصوبے پر سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال، نائب سٹی ناظمہ محترمہ نسرین جلیل، ٹاؤن ناظمین سمیت تمام حق پرست نمائندوں کو خراج تحسین بھی پیش کیا۔

## اقلیتی برادری کے مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہیں، جاوید احمد

## منظور کالونی میں کرسچئن کمیونٹی کے اجتماع سے حق پرست ٹاؤن ناظم اور اقلیتی امور کمیٹی کے اراکین کا خطاب

کراچی۔۔۔23، نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ اقلیتی امور کمیٹی کے زیراہتمام منظور کالونی یوسی 2 میں ایک اجتماع منعقد ہوا جس میں منظور کالونی کے مختلف گرجا گھروں کی کمیٹیوں کے اراکین، پاسٹرز اور کرسچئن کمیونٹی کے نوجوانوں اور بزرگوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اجتماع سے جمشید ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم جاوید احمد، ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے اراکین محمد فاروق سلیم اور جاوید انجم نے خطاب کیا۔اس موقع پر چرچ آف پاکستان، سیونتھ ڈے ایڈونتھ چرچ اور کیتھولک چرچ کے نمائندگان بھی موجود تھے۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست ٹاؤن ناظم جاوید احمد نے کہا کہ حق پرست بلدیاتی قیادت اقلیتی برادری سمیت غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کی عملی خدمت پر یقین رکھتی ہے۔انہوں نے کہا کہ جمشید ٹاؤن میں جہاں دیگر ترقیاتی کام جاری ہیں وہیں چرچوں کی دیکھ بھال پر بھی خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے اراکین محمد فاروق سلیم اور جاوید انجم نے کہا کہ ایم کیوایم کے حق پرستانہ فکر وفلسفہ سے متاثر ہوکر اقلیتی برادری سمیت ملک بھر کے عوام ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہورہے ہیں۔

☆☆☆☆☆